شہداءِ ختمِ نبوت (مارچ ۱۹۵۳ء) کی نذر

حضرت علامہ عبدالرشید طالوت رحمۃ اللہ تعالیٰ

سلام اُن پر جنہوں نے سنتِ سجاد زندہ کی
سلام اُن پر جنہوں نے کربلا کی یاد زندہ کی

سلام اُن پر کہ جو ختمِ نبوت کے تھے شیدائی
سلام اُن پر کہ جن کی جرأتِ رندانہ کام آئی

سلام اُن پر جنہوں نے مشعلیں حق کی جلائی ہیں
سلام اُن پر جنہوں نے گولیاں سینوں پہ کھائی ہیں

سلام اُن پر جو جیتے تھے فقط اسلام کی خاطر
جنابِ خواجۂ ہر دوسرا کے نام کی خاطر

سلام اُن پر کہ جو ختمِ رسالت کے تھے پروانے
جو عاقل با خدا تھے اور حضور خواجہ کے دیوانے

سلام ان کی شجاعت پر سلام ان کے قرینے پر
کہ سینہ تان کر کہتے تھے گولی آئے سینے پر

سلام اُن پر کہ جن کی غیرتِ ایمان تھی زندہ
سلام اُن پر قیامت تک ہے جن کا نام پائندہ